# سُورَةُ الْفَجْرِ

فجر/صبح

القرآن ۸۹:۱-۳۰

QuranicQuotes.com

وَٱلْفَجْرِ

قسم ہے فجر کی۔

القرآن ۸۹:۱

QuranicQuotes.com

وَلَيَالٍ عَشْرٍ

اور دس راتوں کی۔

القرآن ۸۹:۰۲

QuranicQuotes.com

وَٱلشَّفْعِ وَٱلْوَتْرِ

اور جفت کی اور طاق کی۔

القرآن ٨٩:٠٣

QuranicQuotes.com

وَٱلَّيۡلِ إِذَا يَسۡرِ

اور رات کی جب وہ گزرنے لگے۔

القرآن ۸۹:۰۴

QuranicQuotes.com

هَلْ فِى ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِى حِجْرٍ

کیا اس میں کوئی قسم (دلیل) ہے ان لوگوں
کے لیے جو عقل مند ہیں ؟

القرآن ۸۹:۰۵

QuranicQuotes.com

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ

کیا تم نے دیکھا نہیں کیا کیا تھا آپ کے
رب نے عاد کے ساتھ ؟

القرآن٨٩:٠٦

QuranicQuotes.com

إِرَمَ ذَاتِ ٱلْعِمَادِ

وہ ارم جو ستونوں والے تھے۔

القرآن ۸۹:۰۷

QuranicQuotes.com

ٱلَّتِى لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِى ٱلْبِلَـٰدِ

جس کی مانند (کوئی قوم) ملکوں میں
پیدا نہیں کی گئی۔

القرآن ۸۹:۰۸

QuranicQuotes.com

وَثَمُودَ ٱلَّذِينَ جَابُوا۟ ٱلصَّخْرَ بِٱلْوَادِ

اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے وادی میں
چٹانوں کو تراشا تھا۔

القرآن ۸۹:۹

QuranicQuotes.com

وَفِرْعَوْنَ ذِى ٱلْأَوْتَادِ

اور فرعون کے ساتھ جو میخوں والا تھا۔

القرآن ۸۹:۱۰

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِينَ طَغَوْا۟ فِى ٱلْبِلَـٰدِ

جنہوں نے ملکوں میں سرکشی اختیار کی تھی۔

القرآن ۸۹:۱۱

QuranicQuotes.com

فَأَكْثَرُواْ فِيهَا ٱلْفَسَادَ

سو انہوں نے ان میں بکثرت فساد پھیلا دیا تھا۔

القرآن ۱۲:۸۹

QuranicQuotes.com

فَصَبَّ عَلَيۡهِمۡ رَبُّكَ سَوۡطَ عَذَابٍ

تو تمہارے پروردگار نے ان پر عذاب کا
کوڑا نازل کیا

القرآن ۸۹:۱۳

QuranicQuotes.com

إِنَّ رَبَّكَ لَبِٱلْمِرْصَادِ

بیشک آپ کا رب تو تاک میں ہے۔

القرآن ۸۹:۱۴

QuranicQuotes.com

فَأَمَّا ٱلْإِنسَـٰنُ إِذَا مَا ٱبْتَلَىٰهُ رَبُّهُۥ
فَأَكْرَمَهُۥ وَنَعَّمَهُۥ فَيَقُولُ رَبِّىٓ أَكْرَمَنِ

انسان کا حال یہ ہے کہ جب اس کا ربّ اسے آزماتا
ہے تو اسے عزت دیتا ہے اور نعمتیں عطا کرتا ہے
تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت دی !

القرآن ۸۹:۱۵

QuranicQuotes.com

وَأَمَّآ إِذَا مَا ٱبْتَلَىٰهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُۥ فَيَقُولُ رَبِّىٓ أَهَـٰنَنِ

اور جب وہ اسے آزماتا ہے پھر اس کا رزق اس پر تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا !

القرآن ۸۹:۱٦

QuranicQuotes.com

صلے

كَلَّاۖ بَل لَّا تُكۡرِمُونَ ٱلۡيَتِيمَ

نہیں ! بلکہ تم لوگ یتیم کی عزت نہیں کرتے۔

القرآن ۸۹:۱۷

QuranicQuotes.com

وَلَا تَحَٰٓضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ ٱلْمِسْكِينِ

اور نہ ہی تم لوگ آپس میں مسکینوں کو کھلانے
کی ترغیب دیتے ہو۔

القرآن ۸۹:۱۸

وَتَأْكُلُونَ ٱلتُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ۝

اور تم ساری کی ساری میراث سمیٹ کر
کھا جاتے ہو۔

القرآن۱۹:۸۹

QuranicQuotes.com

وَتُحِبُّونَ ٱلْمَالَ حُبًّا جَمًّا

اور تم مال سے ٹوٹ کر محبت کرتے ہو۔

القرآن ۸۹:۲۰

QuranicQuotes.com

كَلَّآ إِذَا دُكَّتِ ٱلْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا

ہرگز نہیں ! جب زمین کو کوٹ کوٹ کر ہموار کردیا جائے گا۔

القرآن ۸۹:۲۱

QuranicQuotes.com

وَجَآءَ رَبُّكَ وَٱلْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا

اور آپ کا رب جلوہ فرما ہوگا جب کہ فرشتے
قطار در قطار حاضر ہوں گے۔

القرآن ۸۹:۲۲

QuranicQuotes.com

وَجِاْىٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ ٱلْإِنسَٰنُ وَأَنَّىٰ لَهُ ٱلذِّكْرَىٰ

اور لے آئی جائے گی اس روز جہنم بھی اس دن انسان کو سمجھ آئے گی لیکن اب سمجھنے کا کیا فائدہ !

القرآن ۸۹:۲۳

QuranicQuotes.com

يَقُولُ يَـٰلَيۡتَنِي قَدَّمۡتُ لِحَيَاتِي

وہ کہے گا: اے کاش میں نے اپنی زندگی کے
لیے کچھ آگے بھیجا ہوتا!

القرآن ۸۹:۲۴

QuranicQuotes.com

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُۥٓ أَحَدٌ

تو اس دن اللہ جو عذاب دے گا ویسا عذاب کوئی نہیں دے سکتا۔

القرآن ۸۹:۲۵

QuranicQuotes.com

وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُۥٓ أَحَدٌ

اور نہ کوئی ویسا جکڑنا جکڑے گا

القرآن٢٦:٨٩

QuranicQuotes.com

يَـٰٓأَيَّتُهَا ٱلنَّفْسُ ٱلْمُطْمَئِنَّةُ

اے اطمینان پانے والی روح!

القرآن ٨٩:٢٧

QuranicQuotes.com

ٱرْجِعِىٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً

اب لوٹ جائو اپنے رب کی طرف اس حال میں کہ
تم اس سے راضی وہ تم سے راضی۔

القرآن ۸۹:۲۸

QuranicQuotes.com

فَٱدْخُلِى فِى عِبَـٰدِى

تو داخل ہو جا میرے (نیک) بندوں میں۔

القرآن ۸۹:۲۹

QuranicQuotes.com

# وَٱدْخُلِي جَنَّتِي

اور داخل ہو جا میری جنت میں !

القرآن ۸۹:۳۰

QuranicQuotes.com